CHERAT CEMENT

# CHERAT CEMENT COMPANY LTD.

Head Office: Modern Motors House, Beaumont Road, Karachi. UAN: 111-000-009

GHULAM FARUQUE GROUP

## Notice of Interim Cash Dividend and Book Closure

Shareholders of the Company are hereby informed that the Board of Directors of the Company at its meeting held on February 7, 2018 have recommended **Interim Cash dividend @ 10% i.e. Re. 1 per share** for the Financial Year ending June 30, 2018.

To determine the entitlement of the said interim dividend, the Share Transfer Books of the Company will remain closed from **March 15, 2018 to March 21, 2018** (both days inclusive). Transfers received at the office of the Share Registrar of the Company: Central Depository Company of Pakistan Limited, CDC House, 99-B, Block-B, S.M.C.H.S, Main Shahra-e-Faisal, Karachi-74000 at close of business on March 14, 2018 will be treated in time for the purpose of above dividend.

Shareholders who have **not yet provided their International Bank Account Number (IBAN) details are requested to furnish the same on priority basis** to your respective Broker / CDC Participant / Investor Account Services (in case your shareholding is in Book Entry form) or to our Share Registrar: Central Depository Company of Pakistan Limited (in case your shareholding is in physical form), for electronic remittance of dividend in their accounts as per the directions of the SECP through Section 242 of the Companies Act, 2017. **In-case of non-submission of IBAN,the Company will withhold the payment of dividends under the Companies (Distribution of Dividends) Regulations, 2017.**

All Shareholders are advised to check their status on **Active Taxpayers List (ATL)** available on FBR Website and if required take necessary actions for inclusion of their name in ATL to avail the lower rate of tax deduction.

In case of joint account, please intimate proportion of shareholding as each account holder is to be treated individually as either filer or non-filer and tax will be deducted on the basis of shareholding provided by the shareholder, otherwise equally.

**Withholding Tax** exemption from the dividend income shall only be allowed if copy of valid tax exemption certificate is made available to Central Depository Company of Pakistan Limited - Share Registrar Department by first day of Book Closure.

Individuals including all joint holders holding physical share certificates are requested to submit a copy of their valid CNIC to the Company or to the CDC Share Registrar Department if not already provided.

**In case of non-receipt of valid copy of CNIC,** the Company would be unable to comply with SRO 831 (1) / 2012 dated July 05, 2012 of SECP and would be constrained under the Companies Act, 2017 to withhold the payment of dividend to such shareholders.

**Abid Vazir**
Executive Director &
Company Secretary

Dated: February 19, 2018

CHERAT CEMENT

# چراٹ سیمنٹ کمپنی لمیٹڈ

ہیڈ آفس: ماڈرن موٹرز ہاؤس، بیوماؤنٹ روڈ کراچی
یو اے این: 111-000-009

GHULAM FARUQUE GROUP

## اطلاع برائے عبوری نقد منافع منقسمہ اور شیئر ٹرانسفر رجسٹر کی بندش

بذریعہ ہذا کمپنی کے شیئر ہولڈرز کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کمپنی کے بورڈ آف ڈائریکٹرز نے 7 فروری 2018 کو منعقد ہونے والے اجلاس میں مالی سال مختتمہ 30 جون 2018 کے لئے 10% یعنی -1 روپیہ فی شیئر کے حساب سے عبوری نقد منافع منقسمہ کی سفارش کی ہے۔

اس عبوری نقد منافع کی اہلیت کا تعین کرنے کیلئے کمپنی کی شیئر ٹرانسفر بکس **15 مارچ 2018 تا 21 مارچ 2018** (بشمول دونوں ایام) بند رہیں گی۔ تاہم کمپنی کے شیئر رجسٹرار: سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ، سی ڈی سی ہاؤس، B-99، بلاک بی، ایس ایم سی ایچ ایس، مین شارع فیصل، کراچی-74000 میں 14 مارچ 2018 کو کاروباری اوقات کے اختتام تک موصول ہونے والے ٹرانسفرز درج بالا منافع منقسمہ کیلئے بروقت تصور کیے جائیں گے۔

**وہ شیئر ہولڈرز جنہوں نے ابھی تک اپنے انٹرنیشنل بینک اکاؤنٹ نمبر (IBAN) کی تفصیلات فراہم** نہیں کی ہیں، ان سے درخواست ہے کہ وہ SECP کی ہدایات کے مطابق کمپنیز ایکٹ 2017 کے سیکشن 242 کی رو سے ڈیویڈنڈ کی اپنے اکاؤنٹ میں الیکٹرونک ذریعہ سے منتقلی کیلئے یا اپنے متعلقہ بروکر / سی ڈی سی کے شریک / انویسٹر اکاؤنٹ سروسز (اگر آپ کی شیئر ہولڈنگ بک انٹری فارم میں ہے) کو پہنچا دیں یا ہمارے شیئر رجسٹرار: سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان کو (اگر آپ کی شیئر ہولڈنگ فزیکل فارم میں ہے) کو فراہم کریں۔ **IBAN جمع نہ کرانے کی صورت میں کمپنیز (ڈسٹری بیوشن آف ڈیویڈنڈز) ریگولیشنز 2017 کے تحت کمپنی ڈیویڈنڈ کی ادائیگی روک لے گی۔**

تمام شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ ایف بی آر کی ویب سائٹ پر دستیاب فعال ٹیکس گزاروں کی فہرست (ATL) میں اپنی حیثیت چیک کریں اور اگر ضرورت ہو تو ٹیکس کی کٹوتی کے کم ریٹس حاصل کرنے کیلئے ATL میں اپنے نام کے اندراج کیلئے فوری کارروائی کریں۔

جوائنٹ اکاؤنٹ کی صورت میں، برائے مہربانی ہر شیئر ہولڈنگ کے تناسب سے آگاہ کریں کیونکہ ہر شیئر ہولڈرز سے ٹیکس کی کٹوتی انفرادی طور پر شیئر ہولڈر کی جانب سے فراہم کردہ شیئر ہولڈنگ کے لحاظ سے فائلر یا نان فائلر ہونے کی بنیاد پر کی جائے گی ورنہ ہر شیئر ہولڈر کے شیئر برابر برابر تصور کیے جائیں گے۔

ڈیویڈنڈ کی آمدنی پر ود ہولڈنگ ٹیکس سے استثنیٰ صرف اسی صورت میں دیا جائے گا جب ٹیکس کے استثنیٰ کے کارآمد سرٹیفکیٹ کی کاپی شیئر رجسٹر کی بندش کے پہلے دن سے قبل سینٹرل ڈپازٹری کمپنی آف پاکستان لمیٹڈ کے شیئر رجسٹرار ڈپارٹمنٹ کو فراہم کر دی گئی ہو۔

فزیکل شیئر سرٹیفکیٹ رکھنے والے تمام انفرادی اور جوائنٹ شیئر ہولڈرز سے درخواست ہے کہ وہ اپنے کارآمد CNIC کی کاپی، اگر پہلے سے فراہم نہ کر دی گئی ہو، کمپنی کو یا سی ڈی سی کے شیئر رجسٹرار ڈپارٹمنٹ کو فراہم کر دیں۔

**CNIC کی کارآمد کاپی وصول نہ ہونے کی صورت میں کمپنی SECP کے SRO** 2012/(1)831 مجریہ 5 جولائی 2012 کی پیروی کرنے کی اہل نہیں ہوگی اور کمپنیز ایکٹ 2017 کے تحت ایسے شیئر ہولڈرز کے نقد منافع منقسمہ کی ادائیگی کو روک لینے پر مجبور ہوگی۔

مورخہ 19 فروری 2018

عابد وزیر
ایگزیکٹیو ڈائریکٹر اور کمپنی سیکرٹری